ناہیدہ خان انٹر نیشنل کرکٹ سے ریٹائر ہو گئیں

لاہور 15 جون، 2023

ناہیدہ خان نے انٹر نیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔

ناہیدہ خان کا بین الاقوامی کریئر 14 سال پر محیط رہا۔ انہوں نے 7 فروری 2009ء کو سری لنکا کے خلاف بوگرہ بنگلہ دیش میں اپنا پہلا ون ڈے انٹر نیشنل کھیلا تھا۔

ناہیدہ خان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ انٹر نیشنل کرکٹ میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والی واحد خاتون کرکٹر ہیں جن کا تعلق بلوچستان سے ہے۔

انہوں نے 120 انٹر نیشنل میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے 2014 رنز بنائے اور ایک وکٹ حاصل کی۔

انہیں ایک ون ڈے انٹر نیشنل میچ میں سب سے زیادہ کیچز کرنے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ انہوں نے 2018 میں سری لنکا کے خلاف دمبولا میں چار کیچ لیے تھے وہ میچ پاکستانی ٹیم 94 رنز سے جیتی تھی۔

ناہیدہ خان نے پچاس اوورز کے تین عالمی کپ مقابلوں 2013، 2017، 2022 اور چار ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2012۔2014۔2016۔2018 میں بھی پاکستان کی نمائندگی کی۔

ناہیدہ خان نے کرکٹ سے اپنی وابستگی برقرار رکھتے ہوئے کوچنگ کا شعبہ اختیار کیا اور حال ہی میں انہوں نے پاکستان کپ ویمنز کرکٹ ٹورنامنٹ میں بلاسٹرز کی اسسٹنٹ کوچ کی حیثیت سے ذمہ داری نبھائی اس سے قبل انہوں نے مارچ میں ہونے والی ویمنز لیگ میں ایمازون ٹیم کے ہیڈ کوچ توفیق عمر کی اسسٹنٹ کوچ کے طور پر بھی کام کیا تھا۔ان نمائشی میچوں میں ایمازون دو ایک سے فاتح رہی تھی۔

ناہیدہ خان کا کہنا ہے کہ انہیں اپنے کریئر میں جو بھی سپورٹ ملی ہے اس پر وہ بہت خوش ہیں۔وہ اپنی فیملی، ساتھی کھلاڑیوں، کوچز۔ اور پاکستان کرکٹ بورڈ کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہیں جنہوں نے ان کی حوصلہ افزائی کی اور ان کی صلاحیتوں پر بھروسہ کیا۔وہ اپنی مداحوں کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتی ہیں جنہوں نے ان کے کریئر میں ہمیشہ ان کا ساتھ دیا چاہے وہ پاکستان میں ہوں یا دیگر ممالک میں۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کی ویمنز ونگ کی سربراہ تانیہ ملک کا کہنا ہے کہ پاکستان میں خواتین کرکٹ کے لیے ناہیدہ خان کی خدمات ہمیشہ یاد رہیں گی۔ان کی مہارت۔ حوصلہ مندی اور کھیل سے ان کی جنون کی حد تک محبت اور لگن مثالی ہے اور یہ دیگر کھلاڑیوں کے لیے بھی مثال ہے کہ وہ ناہیدہ خان کو دیکھ کر کس طرح آگے بڑھ سکتی ہیں۔

تانیہ ملک نے کہا ہے کہ ناہیدہ خان ریٹائرمنٹ کے بعد مستقبل میں جو بھی کرنا چاہیں گی ہماری نیک تمنائیں ان کے ساتھ ہیں۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial